تضمین بر سلامِ رضؔا

ﷺ

مُصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

ﷺ

بعنوان **بُستانِ رحمت**

تضمین نگار: سلطان الشعراء محمد عبد القیوم طارؔق سُلطان پُوری

نوٹ: یہ تضمین سہ ماہی **انوارِ رضا** جوہر آباد کے حضرت خواجہ احمد میروی علیہ الرحمہ نمبر سے لی گئی ہے

بُستانِ رحمت

تضمین بر سلامِ رضا

نتیجۂ فکر: سلطان الشعراء محمد عبدالقیوم طارق سلطانپوری

۱۔ مہرِ رخشانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
ماہِ تابانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
صدرِ ایوانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

۲۔ نجمِ افلاکِ عزت پہ روشن درود
ماہِ اوجِ فضیلت پہ لاکھوں سلام
نیرِ شرقِ حشمت پہ روشن درود
مہرِ چرخِ نبوت پہ لاکھوں سلام
گلِ باغِ رسالت پہ لاکھوں سلام

۳۔(ا) قلزمِ رحمت و رودبارِ کرم
مالک و گنجِ بخشش و قسیمِ نعم
اختیارات ہیں جس کے نا مختتم
شہر یارِ ارم، تاجدارِ حرم
نو بہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام

۳۔(ب) وہ سحابِ عطا، برشگالِ کرم
اُس کا فیضان ہے جو بہ جو یم بہ یم
بے مثال اُس کا اجلال اُس کا حشم
شہر یارِ ارم، تاجدارِ حرم
نو بہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام

۴۔ نورِ حق عبد والا پہ دائم درود
عرش کے ضیفِ اعلیٰ پہ دائم درود
شاہدِ حق تعالیٰ پہ دائم درود
شبِ اسریٰ کے دولہا پہ دائم درود
نوشۂ بزمِ جنت پہ لاکھوں سلام

۹۔(ا) جن عناصر کی گردش ہے افلاک پر
اُن پہ بھی ہے نبی کا نفوذ و اثر
وہ بھی طاقت گزارِ شہ بحر و بر
صاحبِ رجعتِ شمس و شق القمر
نائبِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام

۹-(ب) ہے وجودِ نبی معجزہ سر بسر — باخبر ہیں جو ہیں صاحبانِ نظر
اُن کا خاموش اشارہ بھی ہے پُر اثر — صاحبِ رجعتِ شمس و شقِ القمر
نائب دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام

۱۰- بعد اُن کے ہوئے خلق لوح و قلم — کیا مقامِ شرف اُن کا سمجھیں گے ہم
مظہرِ شان ربُّ العلیٰ ہیں اتم — سروِ نازِ قدم، مغزِ رازِ حِکم
یکہّ تازِ فضیلت پہ لاکھوں سلام

۱۰-(ا) دور و نزد اقتدار اُن کا پھیلا ہوا — اُن کا رُتبہ خدا کی نظر میں ہے کیا
روزِ محشر یہ سب کو نظر آئے گا — جس کے زیرِ لوا آدم و من سوا
اُس سزائے سیادت پہ لاکھوں سلام

۱۱- حصر اُن کے تصرف کا کوئی نہیں — وہ ہیں لاریب سلطانِ دُنیا و دیں
اُن کو مسجد کے مانند روئے زمیں — عرش تا فرش ہے جس کے زیرِ نگیں
اُس کی قاہر ریاست پہ لاکھوں سلام

۱۲- راست و چپ کرم اُن کا ہے پیش وپس — اُن کا شیوہ عطا بخشش و جود بس
وقفِ بہبود خلق اُن کا ہر ہر نفس — خلق کی داد رس سب کے فریاد رس
کہفِ روزِ مصیبت پہ لاکھوں سلام

۲۳- اُن کے معراج کا ہے عجب ماجرا — جو ہے انسان کے فہم سے ماورا
شرحِ مازاغ، کیا معنیٰ ماطغیٰ — شمعِ بزمِ دنیٰ ہو میں گم کن انا
شرحِ متن ہویت پہ لاکھوں سلام

۲۹- محفل کن فکاں کی اُسی سے ہے چھب — عالم آب و گل کا ہے وہ منتخب
وصف میں اُس کی کیا اور کھولوں میں لب — سببِ ہر سبب منتہائے طلب
علتِ جملہ عِلت پہ لاکھوں سلام

۳۴- نقش زیبا تریں دستِ خلاق کا — کوئی اُس جیسا ہوگا نہ ہے نہ ہوا
مظہرِ حُسنِ حق ہے رُخِ مصطفیٰ — وصف جس کا ہے آئینۂ حق نُما
اُس خدا ساز طلعت پہ لاکھوں سلام

۱۰۔(ب) ہر کمال ہر علو اُن کو حق نے دیا   انبیاء میں خلائق میں یکتا کیا
اُن کا محتاجِ رحمت بڑے سے بڑا   جس کے زیرِ لوا آدم و من سوا
اُس سزائے سیادت پہ لاکھوں سلام

جاں فزائے محبان ہے اُس کا جمال   دل شکن بہرا عدا ہے اس کا جلال
وہ ہے جس حال میں بھی وہ ہے باکمال   چشمۂ لہر میں موجِ نورِ جلال
اس رگِ ہاشمیت پہ لاکھوں سلام

۳۹۔(ا) رابطہ ہے، غلاموں سے اُن کا ہر آن   بے خبر ہم سے ہیں وہ، غلط ہے گمان
بالیقیں وہ ہمارے ہیں احوال دان   دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان
کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام

۳۹۔(ب) سامنے اُن کی آنکھوں کے ہے ہر جہان   واقعی کیا مکان اور کیا لا مکان
اُن کی شنوائی کو غیر محدود جان   دُور و نزدیک کے سننے والے وہ کان
کانِ لعل کرامت پہ لاکھوں سلام

۴۱۔ جس پہ دائم ہے فضلِ عظیمِ خدا   خود خدا کو ہے مطلوب جس کی رضا
جس کو والشفیع کا محشر میں مژدہ ملا   جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اُس جبین سعادت پہ لاکھوں سلام

۴۲۔ ہر نبی نے خبر جس کی آمد کی دی   روزِ میثاق جس کی مدحت ہوئی
یہ فضیلت رُسولوں میں کس کو ملی   جن کے سجدے کو محرابِ کعبہ جھکی
اُن بھنوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

۴۷۔ حسن کردار خیر الورا پر درود   خوبیِ سیرتِ مصطفیٰ پر درود
ہر ادائے شہِ انبیاء پر درود   نیچی نظروں کی شرم و حیا پر درود
اونچی بینی کی رفعت پہ لاکھوں سلام

۵۶۔ وہ دہن جس کی ہر بات جانِ ہُدیٰ   وہ دہن، جس کی ہر بات روحِ صفا
جس کی ہر بات فرمودۂ کبریا   وہ دہن، جس کی ہر بات وحیِ خدا
چشمۂ علم و حکمت پہ لاکھوں سلام

۶۰۔ یہ خصوصی عطائے خدائے ودود — فیض یابِ حشر تک جس سے بزمِ وجود
مایۂ نازِ دانش گہ ہست و بود — اُس کی پیاری فصاحت پہ بے حد درود
اُس کی دل کش بلاغت پہ لاکھوں سلام

۴۲۔ آمدِ نُورِ حق کی خبر جب سنی — کعبۂ پاک نے بھی منائی خوشی
خیر مقدم کی گویا علامت یہ تھی — جن کے سجدے کو محراب کعبہ جھکی
اُن بھنووں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

۴۵۔ بزمِ قوسین کا ہے عجب ماجرا — تھے محبّ و حبیب اور کوئی نہ تھا
دائمی راز ہے کیا کہا کیا سنا — معنیٔ قدرایٰ مقصدِ ماطغیٰ
نرگس باغ قدرت پہ لاکھوں سلام

۱۲۔ محفلِ کن کی بنیاد اُن کا وجود — ہیں وہی باعثِ ہر وجود و شہود
نُور سے اُن کے ہے ارض و چرخ کبود — اصل ہر بودِ و بہبود تخمِ وجود
قاسمِ کنزِ نعمت پہ لاکھوں سلام

۱۸۔ محسنِ خلق، خیر الورٰی پر درود — غم نصیبوں کے اُس غم زدا پر درود
کس مپرسوں کے مشکل کشا پر درود — کنز ہر بیکس و بے نوا پر درود
حرزِ ہر رفتہ طاقت پہ لاکھوں سلام

۲۶۔ اُن کی آمد پہ بعثت پہ، اعلیٰ درود — بزمِ ہستی کی زینت پہ اعلیٰ درود
حق تعالیٰ کی رحمت پہ اعلیٰ درود — رب اعلیٰ کی نعمت پہ اعلیٰ درود
حق تعالیٰ کی منت پہ لاکھوں سلام

۵۱۔ مومنوں کے لیے حکمِ یزداں درود — مصطفیٰ سے محبت کے اعلاں درود
عاشقانِ محمدؐ کی پہچان درود — چاند سے منہ پہ تاباں درخشاں درود
نمک آگیں صباحت پہ لاکھوں سلام

۵۷۔ جس کا ہر لفظ ہے وحی کا ترجمان — ہر سخن علم کی آگہی کی جاں
جس کی ہر بات میں خیرِ اہل جہاں — جس کے پانی سے شاداب جان و جناں
اُس دہن کی طراوت پہ لاکھوں سلام

۷۰۔ کون سا اختیار اُن کو بخشا نہیں — اُن کے رب نے جو ہے منعمِ عالمیں
زورِ حق ہے توانائی شاہِ دیں — جس کو بارِ دو عالم کی پروا نہیں
ایسے بازو کی قوت پہ لاکھوں سلام

۸۷۔ رشکِ صیدِ گلستاں غیرتِ صد چمن — اُن کی طفلی کا اسعد وہ دشت و دمن
گود کی کا تعالی اللہ وہ بانکپن — اللہ اللہ وہ وہ بچپنے کی پھبن
اُس خدا بھاتی صورت پہ لاکھوں سلام

۵۹ چاند دو ٹکڑے جب وہ اشارہ کریں — سورج آئے پلٹ، شاہ کی چاہ میں
کریں حکم، پتھر بھی کلمہ پڑھیں — وہ زباں جس کو سب کُن کی کنجی کہیں
اُس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

۶۹۔ سائلوں کو فقیروں کو اکثر دیا — ایک بار ہی نہیں، بارِ دیگر دیا
ہر گدا کو توقع سے بڑھ کر دیا — ہاتھ جس سمت اُٹھا غنی کر دیا
موجِ بحرِ سماحت پہ لاکھوں سلام

۷۳۔ اتھ برتن میں محبوبِ حق جب رکھیں — پانی جاری ہو اور اتنی مقدار میں
لشکری بھی پئیں جانور بھی پئیں — نور کے چشمے لہرائیں، دریا بہیں
انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام

۷۹۔ انتہائے فراست، کمالِ شعور — اُمی و دانش و آگہی کا وفور
کون سا علم جس پر نہیں ہے عبور — انبیا تہ کریں زانو اُن کے حضور
زانوؤں کی وجاہت پہ لاکھوں سلام

۸۲۔ا تب انسانیت کی تمنا کا چاند — عظمتِ دین کا، فوزِ دُنیا کا چاند
صحنِ عبد اللہ میں اُترا بطحا کا چاند — جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اُس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

۸۲۔(ب) عرش پر آگیا عرشِ اعلیٰ کا چاند — قاب قوسین کا فتدلیٰ کا چاند
دیدۂ آدم و چشمِ حوا کا چاند — جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اُس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

۸۱۔ اُن سے منسوب جو ہے وہ ہر شے اہم — دل رُبا ہر ادائے شہِ محتشم
اُن کا اوجِ مقامِ ترابِ قدم — کھائی قرآں نے خاکِ گزر کی قسم
اُس کفِ پا کی حرمت پہ لاکھوں سلام

۹۱۔ اے تجمل کے پیکر، ہزاروں درود — حسنِ مطلق کے مظہر ہزاروں درود
مشکبار و منور ہزاروں درود — بے بناوٹ ادا پر ہزاروں درود
بے تکلف ملاحت پہ لاکھوں سلام

۹۴۔ جانِ خوبی رَوش پہ کروڑوں درود — پیاری پیاری رَوش پر کروڑوں درود
صاف ستھری رَوش پر کروڑوں درود — سیدھی سیدھی روش پر کروڑوں درود
سادی سادی طبیعت پہ لاکھوں سلام

۹۸۔ یادِ معبودِ کل اور وہ عبدِ ودود — صدقِ کامل سے وقفِ رکوع و سجود
ہے مجسم عبادت وہ اصلِ وجود — لطفِ بیداریٔ شب پہ بے حد درود
عالمِ خوابِ راحت پہ لاکھوں سلام

۱۰۰۔ حق نماز رعب و ہیبت پہ دائم درود — خلق پرور طبیعت پہ دائم درود
اُن کی رافت پہ رحمت پہ دائم درود — نرمیٔ خوئے لینت پہ دائم درود
گرمیٔ شانِ سطوت پہ لاکھوں سلام

۱۰۹۔ اُن کے ہر قولِ حکمت پہ نامی درود — ہر عمل کی طہارت پہ نامی درود
ہر ادا اور ہر عادت پہ نامی درود — اُن کے ہر نام و نسبت پہ نامی درود
اُن کے ہر وقت و حالت پہ لاکھوں سلام

۱۲۴۔ ابنِ عَم اور دامادِ شاہِ ہُدیٰ — وہ جو بچپن سے گھر میں نبی کے پلا
نائبِ مصطفیٰ ، باپ حسنین کا — اصلِ نسلِ صفا، وجہِ وصلِ خدا
بابِ فصلِ ولایت پہ لاکھوں سلام

۱۵۴۔ اُن کی بے مثل عزت پہ اعلیٰ درود — اُن کی یکتا وجاہت پہ اعلیٰ درود
بے نظیر اُن کی عظمت پہ اعلیٰ درود — اُن کی بالا شرافت پہ اعلیٰ درود
اُن کی والا سیادت پہ لاکھوں سلام

۸۵۔ کام بچپن سے وہ شاہِ خوباں کریں — جو بزرگوں کو چھوٹوں کو حیراں کریں
وہ ہیں انصاف گر یہ نمایاں کریں — بھائیوں کے لیے ترکِ پستاں کریں
دودھ پیتوں کی نصفت پہ لاکھوں سلام

۹۶۔ از ثریٰ تا ثریا، سما تا سمک — پستیِ فرش سے رفعتِ عرش تک
ہر مقام زمیں ہر بساطِ فلک — جس کے گھیرے میں ہیں انبیا و ملک
اُس جہانگیر بعثت پہ لاکھوں سلام

۱۰۲۔ قصہ کیا تھا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی — "دیکھنے" کا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی
پھر ہوا کیا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی — کس کو دیکھا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی
آنکھوں والوں کی ہمت پہ لاکھوں سلام

۱۰۱۔ تمکنت کے فلک کا وہ مہرِ مبیں — وہ شجاعت کی انگشتری کا نگیں
مردِ میدان و سیاف عہد آفریں — جس کے آگے کھنچی گردنیں جھک گئیں
اُس خدا داد شوکت پہ لاکھوں سلام

۱۰۶۔ سامنے تھی خدا و نبی کی رضا — اُن کو مشکل نہ تھا جان پر کھیلنا
اُن کا نعرہ عدو کو پیامِ فنا — وہ چقاچاق خنجر سے آتی صدا
مصطفیٰ تیری صولت پہ لاکھوں سلام

۱۰۷۔ وہ رضاعی اَخِ شاہِ کون و مکاں — وہ شجاعت کا لاریب کوہِ گراں
وہ شہامت کا ہر رن میں اونچا نشاں — اُن کے آگے وہ حمزہ کی جانبازیاں
شیرِ غرانِ سطوت پہ لاکھوں سلام

۱۰۴۔ اُس کا مقصود افزائشِ شانِ دیں — ملک گیری کی خواہش تھی قطعاً نہیں
جس طرف بھی گیا لشکرِ شاہِ دیں — شورِ تکبیر سے تھر تھرائی زمیں
جنبشِ جیشِ نصرت پہ لاکھوں سلام

۱۱۲۔ ہے شرف محفل آب و گل کے لیے — ایسے لعل و گہر جس کے دامن میں تھے
جس میں گل ہائے تقدیس ایسے کھلے — آبِ تطہیر سے جس میں پودے جمے
اُس ریاضِ نجابت پہ لاکھوں سلام

۱۱۴۔ گلبنِ خوبیِ روضۂ مصطفیٰ   جس کے رُخ سے عیاں جلوۂ مصطفیٰ
زینتِ دارِ عم زادۂ مصطفیٰ   اُس بتولِ جگر پارۂ مصطفیٰ
حجلہ آرائے عفت پہ لاکھوں سلام

۱۱۵۔ یادِ حق میں قناعت سے اخلاص سے   اُس حسنین کی زیست کے دن کٹے
وردِ قرآن کے ساتھ چکی چلے   جس کا آنچل نہ دیکھا مہ و مہر نے
اُس ردائے نزاہت پہ لاکھوں سلام

۱۱۶۔ اُس کی عظمت کا ہے، کب کسی کو پتہ   کب کسی پر عیاں اُس کا ہے مرتبہ
جس کی خاکِ قدم سرمۂ چشمِ مہ   سیّدہ زاہدہ طیبہ طاہرہ
جانِ احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام

۱۱۷۔ فاطمہ کا وہ مسعود بیٹا بڑا   لاڈلا، راکبِ دوشِ خیر الوریٰ
قلزمِ جود و احسان، رودِ عطا   حسنِ مجتبیٰ، سید الاسخیا
راکبِ دوشِ عزت پہ لاکھوں سلام

۱۱۸(ا)۔ صلح کیش، آشتی کا پیمبر وہ تھا   جاہ و منصب سے وہ دور تر ہی رہا
منتشر ہو نہ اُمت، عمل وہ کیا   اوجِ مہرِ ہُدیٰ، فوجِ بحرِ ندیٰ
روحِ رُوحِ سخاوت پہ لاکھوں سلام

۱۱۸۔ وہ جو آغوشِ خیر النساء میں پلا   باپ دروازہ ہے علم کے شہر کا
جس کو ورثے میں آئینِ بخشش ملا   اوجِ مہرِ ہدیٰ موجِ بحرِ ندیٰ
روحِ رُوحِ سخاوت پہ لاکھوں سلام

۱۱۹۔ جس پہ شفقت بڑی اپنے نانا کی تھی   ناز برداری سجدے میں بھی جس کی تھی
تربیت جس کی محبوبِ باری نے کی   شہدِ خوارِ لعابِ دہانِ نبی
چاشنی گیرِ عصمت پہ لاکھوں سلام

۱۲۰۔ سامنا ہر مصیبت کا اُس نے کیا   وقتِ مشکل جب اسلام پر آپڑا
دینِ حق کے تشخص کو قائم رکھا   اُس شہیدِ بلا شاہِ گلگوں قبا
بیکسِ دشتِ غربت پہ لاکھوں سلام

۱۲۱۔ شان سے نکلا میداں میں وہ باشرف
جان دی، دین کی کج نہ ہونے دی صف
اُس کے کردار کی دھوم ہے ہر طرف
دُر دُرجِ نجف، مہر بُرجِ شرف
رنگِ رومی شہادت پہ لاکھوں سلام

۱۲۳۔ جان و دل سے معین شہ انس و جاں
وہ فضیلت مآب و سعادت نشاں
مال سے دینِ کامل کی قوت رساں
سیّما پہلی ماں کہف امن و اماں
حق گزارِ رفاقت پہ لاکھوں سلام

۱۲۵۔ مصطفیٰ کی رفاقت کی عزت ملی
سرورِ دیں کی اولاد کی ماں جو تھی
جس نے ہر دم محمدؐ کی دل جوئی کی
عرش سے جس پہ تسلیم نازل ہوئی
اُس سرائے سلامت پہ لاکھوں سلام

۱۲۷۔ اپنے بابا کے نقشِ قدم پر چلی
مستعد خدمتِ شاہ دیں میں رہی
منفرد علم میں بھی فقاہت میں بھی
بنتِ صدیق آرامِ جانِ نبی
اس حریم برأت پہ لاکھوں سلام

۱۲۸۔ ناظرِ حُسنِ سرکار جس کی نگاہ
جس کا گھر آپ کی دائمی جلوہ گاہ
شخصیت جس کی پاکیزہ بے اشتباہ
یعنی ہے سورۂ نور جن کی گواہ
اُن کی پر نور صورت پہ لاکھوں سلام

۱۲۹۔ لاکھ ڈھونڈیں، مثالِ اہلِ دُنیا نہ پائیں
اُن مقامات کی لیں ملائک بلائیں
جن کی عظمت کی سوگند جبریل کھائیں
جن میں روح القدس بے اجازت نہ جائیں
اُن سرادق کی عصمت پہ لاکھوں سلام

۱۳۱۔ اہلِ ایمانِ بدر و اُحد پر درود
طرفہ کارانِ بدر و اُحد پر درود
سر فروشانِ بدر و اُحد پر درود
جاں نثارانِ بدر و اُحد پر درود
حق گزارانِ بیعت پہ لاکھوں سلام

۱۳۲۔ ایک ایک اُن میں تاریخ سازِ وفا
تذکرہ کیا کروں اُن کے اوصاف کا
سر بکف بہر خوشنودیٔ مصطفیٰ
وہ دسوں جن کو جنت کا مژدہ ملا
اُس مبارک جماعت پہ لاکھوں سلام

۱۳۳۔ صدق فطرت رفیقِ حبیب خدا — پیکر اخلاص و انفاق و ایثار کا
خدمتِ دینِ میں سب سے آگے رہا — خاص اُس سابقِ سیرِ قُربِ خدا
اَوحدِ کاملیت پہ لاکھوں سلام

۱۳۴۔ ہر کڑے وقت میں ساتھ اُس نے دیا — وہ تھا ہجرت کی شب اور تھے مصطفیٰ
پاسبانِ نبی غار میں بھی رہا — سایۂ مصطفیٰ، مایۂ اصطفا
عزو نازِ خلافت پہ لاکھوں سلام

۱۳۵۔ مقتدیٔ نماز اُس کے مولائے کل — اُس مکرم کے داماد ختم الرسل
باغ حق کا ریاضِ صداقت کا گُل — یعنی اُس افضل الخلق بعد الرسل
ثانی اثنین ہجرت پہ لاکھوں سلام

۱۳۶۔ مونس و ہمدمِ رحمتِ عالمیں — اُس کا ہم پایہ تاریخِ حق میں نہیں
صدق کا نقشِ زیبا مکمل تریں — اصدق الصادقیں، سید المتقیں
چشم و گوش وزارت پہ لاکھوں سلام

۱۳۷۔ با اُصول، حق پسند عادل و دادگر — فکر اُس کی عمیق، اُس کی گہری نظر
جس کے احباب کا خلد ہے مستقر — وہ عُمرؓ جس کے اعدا پہ شیدا سقر
اُس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام

۱۳۸۔ سامنے اُس کے تھا شیوۂ مصطفیٰ — راہِ صدیق پر محکمی سے چلا
حق کا احقاق، ابطالِ باطل کیا — فارقِ حق و باطل، امام الہدیٰ
تیغ مسلولِ شدت پہ لاکھوں سلام

۱۴۱۔ اُس کے گھر میں تھیں دو دخترانِ نبی — اللہ اللہ اُس کی یہ خوش قسمتی
اُس نے خدمت کی بے مثل قرآن کی — دُرِ منثور قرآں کی سلکِ بہی
زوجِ دو نورِ عفت پہ لاکھوں سلام

۱۴۲۔ پیکرِ حلم و تصویرِ شرم و حیا — رودِ جود وعطا، آبشار سخا
محترم نائبِ مصطفیٰ تیسرا — یعنی عثمان صاحب قمیصِ ہُدیٰ
حلہ پوشِ شہادت پہ لاکھوں سلام

۱۴۳۔ شاہِ دیں کا عزیز مقرب تریں   شہر دانش، علیمِ کتابِ مبیں
حیدرِ مصطفیٰ، حافظِ حصنِ دیں   مرتضیٰ شیر حق، اشجع الاشجعیں
ساقیٔ شِیر و شربت پہ لاکھوں سلام

۱۴۶۔ وہ مجاہد جسوروجری، تیغ زن   دنگ اُس کی دلیری پہ اہل زمن
نام سے اُس کے دشمن تھا لرزہ بہ تن   شیرِ شمشیرزن، شاہ خیبر شکن
پرتوِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام

۱۴۸۔ جن سے راضی ہوا اُن کا معبود رب   تھے جو خوش بخت عشاق ماہِ عرب
نہ ستائش کی تھی، نہ صلے کی طلب   مومنین پیشِ فتح و پس فتحِ سب
اہل خیر و عدالت پہ لاکھوں سلام

۱۴۹۔ خوش نصیبی ہے دیدارِ خیرُ البشر   ہے بجا ہر مسرت اس اعزاز پر
دیکھا جائے، حقیقی وہ ہے دیدہ ور   جس مسلماں نے دیکھا انہیں اک نظر
اُس نظر کی بصارت پہ لاکھوں سلام

۱۵۰۔ منتظر جن کی رحمت ہے اللہ کی   جن کو حاصل حمایت ہے اللہ کی
جو مقدس جماعت ہے اللہ کی   جن کے دشمن پہ لعنت ہے اللہ کی
اُن سب اہل محبت پہ لاکھوں سلام

۱۵۲۔ (اکاہ والے ہیں شہزادے اس شاہ کے   ہمکو پیارے ہیں شہزادے اُس شاہ کے
یاد آتے ہیں شہزادے اُس شاہ کے   اور جتنے ہیں شہزادے اُس شاہ کے
اُن سب اہل مکانت پہ لاکھوں سلام

۱۵۲۔ (چاند تارے ہیں شہزادے اس شاہ کے   شان والے ہیں شہزادے اس شاہ کے
ہم کو پیارے ہیں شہزادے اس شاہ کے   اور جتنے ہیں شہزادے اس شاہ کے
ان سب اہل مکانت پہ لاکھوں سلام

۱۵۷۔ دین حق پہ تھا کامل اُسے اعتماد   اُس نے باطل کا روکا فتور وفساد
وہ مجسم عمل، وہ سراپا جہاد   قطب و ابدال و ارشاد و رشد الرشاد
محی دین و ملت پہ لاکھوں سلام

۱۵۷۔ وردِ باغِ حَسن، نُورِ مشکل کشا   خسروِ کشورِ فقر و صدق و صفا
مظہر علم و عرفانِ خیر الوریٰ   غوثِ اعظم، امام التقیٰ و النقیٰ
جلوۂ شانِ قدرت پہ لاکھوں سلام

۱۵۹۔ پیکرِ اتباعِ حبیبِ خدا   دینِ حق از سرِ نو توانا کیا
جس کو بے مثل رُتبہ خدا نے دیا   جس کی منبر بنی گردنِ اولیا
اُس قدم کی کرامت پہ لاکھوں سلام

۱۶۰۔ حشمتِ فقر اُس کی جبیں سے عیاں   مظہرِ حسن و اجلالِ حق بے گماں
رہبر و مرشد عارفانِ جہاں   شاہِ برکات و برکات پیشینیاں
نو بہارِ طریقت پہ لاکھوں سلام

۱۶۳۔ اُس کے رخ سے ہویدا جمالِ رسول   مظہرِ احتشام و کمالِ رسول
پَرتوِ جلوۂ لازوالِ رسول   نورِ جاں عطر مجموعہ آلِ رسول
میرے آقائے نعمت پہ لاکھوں سلام

۱۶۶۔ یہ غلامانِ سلطانِ کیواں جناب   اہلِ بیت و صحابہ کے فیضان یاب
جن کو محبوب ہے ہر ولایت مآب   بے عتاب و عذاب و حساب و کتاب
تا ابد اہلِ سنت پہ لاکھوں سلام

۱۶۸۔ میری ارضِ وطن میرے اہلِ وطن   میرے کہسار میرے چمن میرے بن
میرے محسن، جو ہیں خیر خواہانِ من   میرے اُستاد، ماں باپ بھائی بہن
اہلِ ولد و عشیرت پہ لاکھوں سلام

۱۶۹۔ زاویہ فکر کا میری ایسا نہیں   مدّعا، فائدہ صرف اپنا نہیں
اُن کا دریوزہ گر میں ہی تنہا نہیں   ایک میرا ہی رحمت میں دعویٰ نہیں
شاہ کی ساری اُمت پہ لاکھوں سلام

۱۷۱۔(۱)فارسی، شامی، مصری، کہیں ہاں رضا   چینی، افغانی، ہندی کہیں ہاں رضا
ترکی، یمنی، عراقی کہیں رضا   مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

۱۷۱۔(بنا)ئمتنِ گرامی کہیں ہاں رضا
رومی، جامی، بصیری کہیں ہاں رضا
نوری خدامِ شاہی کہیں ہاں رضا
مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

۱۷۱۔(ج)ہمت جامِ ولائے محمدؐ رضا
اعلیٰ حضرت جیسے اہل حق نے کہا
مدحت مصطفیٰ میں ہو جب لب کشا
اُس کا نام چیز طارق بھی ہو ہم نوا!
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

۱۷۵۔ محفلِ واصفانِ محمدؐ ہو اور
بزمِ عشاقِ شاہِ مُجّد ہو اور
آنے والا وہ محمود و احمد ہو اور
کاش محشر میں جب اُن کی آمد ہو اور
بھیجیں سب اُن کی شوکت پہ لاکھوں سلام

اعلیٰ حضرت جسے اہل حق نے کہا
قول و کردار میں جیسے سونا کھرا
ہر ہنر میں حریفوں سے آگے رہا
اس میں کیا شک کہ اپنی مثال آپ تھا
عمر بھر درس عشقِ محمدؐ دیا
عاشق و جاں نثارِ حبیب خداؐ
اک خزانہ ہے انمول ایمان کا
ترجمہ جو کلامِ خدا کیا
جو قلم سے لکھا جو زباں سے کہا
سامنے احترامِ محمدؐ رکھا
بالیقین مقتدائے جہاں کل بھی تھا
آج بھی ہے زمانے پہ چھایا ہوا
وقت کی ہے صدا یہ سلامِ رضا
تاقیامت جسے وقت دہرائے گا
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

